نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سبزیوں کی پیداوار بڑھانے کے لئے 410.87 ملین روپے کی خطیر رقم سے منصوبہ شروع

سبزیوں کی پراسیسنگ، پیکنگ، ٹرانسپورٹیشن اور ویلیو ایڈیشن کے جدید طریقوں پر عمل ناگزیر ہے

لاہور: 9 جنوری 2017 (   ) حکومت پنجاب کی طرف سے سبزیوں کی پیداوار بڑھانے کے لئے 410.87 ملین روپے کی خطیر رقم سے ایک منصوبہ پر عمل درآمد جاری ہے اور محکمہ زراعت پنجاب اس منصوبہ کی کامیابی کے لئے مکمل تندہی سے مصروف عمل ہے۔ زرعی ماہرین کے مطابق اس منصوبہ کی تکمیل سے صوبہ پنجاب میں سبزیوں کی پیداوار میں نمایاں اضافہ ہوگا۔ زرعی ماہرین کے مطابق سبزیوں کی کاشت میں اضافہ اور ان کی برآمدات کو فروغ دینے کے ساتھ سبزیوں کے ضیاع کو روکنے کی بھی ضرورت ہے۔ اس حوالے سے محکمہ زراعت کسانوں میں شعور اجاگر کرنے کے لئے کوشاں ہے۔ اس ضمن میں سبزیوں کی پراسیسنگ، پیکنگ، ٹرانسپورٹیشن اور ویلیو ایڈیشن کے جدید طریقوں پر عمل ناگزیر ہے۔ کاشتکار سبزیوں کی بعد از برداشت ٹیکنالوجی اور ویلیو ایڈیشن کے ذریعے سبزیوں کی برآمدات بڑھانے پر توجہ دیں تو کاشتکار خوشحال اور ملکی معیشت مضبوط ہوگی۔ ماہرین صحت کے مطابق انسانی خوراک میں سبزیوں کا استعمال 300 سے 350 فی کس روزانہ ہونا چاہیے

☆☆☆☆☆